HBL

# تیسرے عبوری منافع منقسمہ کی ادائیگی

## D-2025(III)

حبیب بینک لمیٹڈ ("بینک") کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے بتاریخ 23 اکتوبر 2025ء کو منعقد ہونے والے اجلاس میں 30 ستمبر 2025ء کو ختم ہونے والی تیسری سہ ماہی کے لیے 50 فیصد عبوری نقد منافع منقسمہ بحساب 5.00 روپے فی شیئر 03 نومبر 2025ء کو کاروبار کے اختتام پر حقدار شیئر ہولڈرز کو دینے کا اعلان کیا ہے۔

مذکورہ عبوری نقد منافع منقسمہ 11 نومبر 2025ء کو اُن شیئر ہولڈرز کو کریڈٹ کیا جا چکا ہے جنہوں نے مؤثر انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبرز (IBAN) کی تفصیل فراہم کی ہے۔ موجودہ شیئرز کی تعداد، منافع منقسمہ کی مجموعی رقم، ٹیکس / زکوٰۃ کی کٹوتی اور متعلقہ بینک اکاؤنٹ میں جمع کی جانے والی رقم کی تفصیل سینٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (CCDR) پر قانون کے تحت اپ لوڈ کی جا چکی ہے۔

شیئر ہولڈرز اپنے ریکارڈ اور ٹیکس فائلنگ کے لیے سینٹرلائزڈ کیش ڈیویڈنڈ رجسٹر (CCDR) سے الیکٹرانک شکل میں مندرجہ بالا تفصیلات حاصل کر سکتے ہیں۔ انہیں ای ڈیویڈنڈ کے لیے https://csp.cdcaccess.com.pk/#/login پر رجسٹریشن کروانی ہوگی۔

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق بینک کی جانب سے مؤثر IBAN کی تفصیلات فراہم نہ کرنے والے شیئر ہولڈرز کو منافع منقسمہ کی ادائیگی روک دی گئی ہے۔ ان شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ (حسب معاملہ) ہمارے شیئر رجسٹرار کو اپنے بینک اکاؤنٹ کی تفصیل (بشمول مؤثر CNIC کی کاپی) درج ذیل پتے پر فراہم کریں یا پارٹیسپنٹ / انویسٹر اکاؤنٹ سروسز آف سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ سے رابطہ کریں۔

**میسرز CDC شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ،**
CDC ہاؤس، B-99، بلاک 'B'،
S.M.C.H.S، مین شاہراہ فیصل،
کراچی—74400، پاکستان
ٹول فری: 0800-23275
ای میل: info@cdcsrsl.com
ویب سائٹ: www.cdcsrsl.com

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 119 اور کمپنیز (جنرل پروویژنز اور فارمز) ریگولیشنز 2018ء کی ریگولیشن 19 کے مطابق فزیکل شیئرز رکھنے والے شیئر ہولڈرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ:

- اپنی لازمی معلومات جیسے CNIC نمبر، پتہ، ای میل ایڈریس، رابطہ موبائل / ٹیلیفون نمبر، انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) وغیرہ ہمارے شیئر رجسٹرار کو ان کے مذکورہ پتے پر فوری طور پر فراہم کریں تاکہ قانون کی عدم تعمیل یا مستقبل میں کسی تکلیف سے بچا جا سکے۔
- اپنے فزیکل شیئرز کو بغیر تحریری شکل میں منتقل کروالیں، جیسا کہ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2) 72 میں وضاحت کے مطابق "ہر موجودہ کمپنی کو اپنے فزیکل شیئرز کو بک انٹری فارم کے ساتھ تبدیل کرنے کی ضرورت ہوگی اور یہ عمل SECP کی طرف سے مطلع کردہ تاریخ تک مکمل ہو جائے گا جس کا عرصہ ایکٹ کے آغاز سے چار سال سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے"۔

کراچی
14 نومبر 2025ء

عثمان نوید چوہدری
کمپنی سیکریٹری